حکومتِ ہند

وزارتِ اقلیتی امور

حج کمیٹی آف انڈیا

(حج کمیٹی ایکٹ ۲۰۰۲ء کے نمبر ۳۵ کے تحت وضع کردہ ادارہ)

بیت الحجاج (حج ہاؤس) ۷/اے، ایم۔آر۔اے۔مارگ، پلٹن روڈ، ممبئی ۴۰۰۰۰۱۔

حج درخواست فارم ۲۰۲۴ء جمع کرنے کی آخری تاریخ میں توسیع کا اعلان

ریاستی حج کمیٹیوں اور دیگر تنظیموں کی مانگ پر حج کمیٹی آف انڈیا کی جانب سے حج ۲۰۲۴ء کے لیے آن لائن حج درخواست فارم جمع کرنے کی مقررہ آخری تاریخ میں ۱۵/ جنوری ۲۰۲۴ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔

۲۔ لہذا اب ایسے عازمین حج ۲۰۲۴ء کے لیے آن لائن درخواست دینے کے اہل ہوں گے جن کے پاس مشین سے پڑھا جانے لائق (Machine Readable) مستند ہندوستانی بین الاقوامی پاسپورٹ موجود ہو جو ۱۵/ جنوری ۲۰۲۴ء کو یا اس سے قبل جاری کیا گیا ہو اور اس کی میعاد کم از کم ۳۱/ جنوری ۲۰۲۵ء تک ہو۔ حج درخواست فارم حج کمیٹی آف انڈیا کی ویب سائٹ https://hajcommittee.gov.in پر آن لائن بھر سکتے ہیں۔

۳۔ تمام درخواست دہندگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ حج درخواست فارم بھرنے سے قبل حج گائڈلائنس ۲۰۲۴ء میں درج ہدایات کا بغور مطالعہ کریں اور انہیں ذہن نشین کر لیں۔

لیاقت علی آفاقی (آئی۔آر۔ایس۔)
چیف ایگزیکٹیو آفیسر، حج کمیٹی آف انڈیا

Helpline Number
022-22107070